ایس جی پی کی جانب سے لوہار کاریگران کی قومی سطح پر دھوئیں سے پاک جستی چولھوں کی بناوت کی تربیت

تعاون: یو ایس ڈی پی - ایس جی پی، جی ای ایف (پاکستان)
منجانب: ریسرچ اینڈ ڈویلپمینٹ فار ہیومن ریسورس

UNDP
Empowered lives.
Resilient nations.

gef
SGP The GEF Small Grants Programme

Research & Development for Human Resources
RDHR
SINDH

ایس جی پی دھوئیں سے پاک جستی چولھوں کی خصوصیات اور فوائد

ایس جی پی پاکستان کے ڈیزائن کئے گئے موثر توانائی کے چولھے پاکستان اور دنیا کے دیگر ممالک میں استعمال ہونے والے عام روایتی چولھوں سے بہت زیادہ مختلف ہیں۔ جن کی یقینی خاصیت بیان کی گئی ہیں۔
ایس جی پی چولھے آسانی سے ایک جگہ سے دوسری جگہ پر لے جائے جاسکتے ہیں اور ان میں لکڑیاں کم استعمال ہوتی ہیں۔
ایس جی پی چولھا دو حصوں پر مشتمل ہے، ایک بڑا چولھا اور دوسرا چھوٹا چولھا، جو ایک ہی وقت میں جلائے جاسکتے ہیں۔
مختلف تجربات میں سے ثابت ہوا کہ یہ چولھا 35 فیصد درجہ حرارت سے گرم ہوتا ہے، اس چولھے سے آسانی سے پکایا جاسکتا ہے اور استعمال کرنے والے کی صحت بھی متاثر نہیں ہوتی۔
اس چولھے کی بناوٹ اس طرح ہے کہ اس میں لکڑیوں کا استعمال کم ہوتا ہے جس سے گھر میں دھواں بھی کم ہوگا۔
یہ چولھا جستی لوہے کی شیٹ سے بنا ہوا ہے لیکن گلاس وول کے استعمال سے چولھے کی بیرونی باڈی کم گرم ہوتی ہے۔

سماجی فوائد:

اس چولھے کے استعمال سے عورتوں اور بچوں کا وقت بھی بچتا ہے جو کہ وہ لکڑیاں کاٹنے میں لگاتے تھے۔
اس چولھے کے استعمال سے نا صرف لکڑیاں کم خرچ ہوتی ہیں بلکہ جو وقت بچتا ہے وہ تعلیم اور روزگار پر صرف کیا جاسکتا ہے۔
اس چولھے کے استعمال میں صحت کے حوالے سے مزید بہتری آئے گی خاص طور پر سانس کی بیماریوں پر قابو پانے میں مدد ملے گی جو کہ عورتوں اور بچوں کو کھانا پکانے کے دوران دھویں کی وجہ سے ہوتی ہیں۔

ماحولیاتی فوائد:

اس چولھے کے استعمال سے علاقائی ماحول میں بہتری آئے گی اور جنگلات کی کٹائی میں بھی کمی آئے گی۔
جنگلات کا بچاؤ سے نہ صرف غیر قابل مادے کی ضرورت کو کم کیا جاسکتا ہے۔ بلکہ زمین خراب ہونے اور جنگلات کے قدرتی نظام کو بچایا جاسکتا ہے۔

اقتصادی فوائد:

اس چولھے کو بنانے اور سیکھنے سے علاقے کے لوگوں کو روزگار کے مواقع ملیں گے۔
اس چولھے کے استعمال سے لکڑی کی کٹائی میں بھی کمی آئے گی۔
اس چولھے کے ذریعے دیہی علاقوں کے لوگوں کیلئے ایک نئی اور جدید چیز کو متعارف کرانا ہے۔
اس چولھے کو استعمال کرنے والوں اور اس کے نظام کو سنبھالنے والوں کو آگاہی فراہم کی جائے گی۔

ٹھنڈے علاقوں کیلئے ایس جی پی چولھے کا استعمال:

ٹھنڈے علاقوں کیلئے اس چولھے کی بناوٹ میں تبدیلی کی گئی ہے اور گرمائش حاصل کرنے کیلئے گلاس وول کو چولھے کے کنارے سے آسانی سے نکالا جا سکتا ہے تاکہ چولھے سے نکلنے والی گرمائش کمرے کو بھی گرم کرسکے۔
احتیاط: ایس جی پی چولھے میں گلاس وول استعمال کرنے کا مقصد یہ ہے کہ باہر کے کنارے گرم نہ ہوسکیں اور چولھا استعمال کرنے یا گھر کے کسی بچے کو کوئی نقصان نہ پہنچ سکے جبکہ ٹھنڈے علاقوں میں چولھے سے کمروں کو گرم کرنے کیلئے گلاس وول کو آسانی سے نکالا جاسکتا ہے۔ جسے نکالنے کے بعد چولھے کی باہر کی تہہ گرم ہوجائے گی جس سے کھانا پکانے والی خواتین یا بچوں کو احتیاط کرنی چاہیے۔
ٹھنڈے علاقوں میں پانی گرم کرنے کیلئے گرم کرنے والی کوائل کو بھی چمنی سے نکال کر ڈرم میں کنکشن کرسکتے ہیں جس سے ایک ہی وقت میں کھانا پکانے کے دوران پانی بھی گرم کرسکتے ہیں۔

پکانے کا چولہا کس طرح کام کرتا ہے؟

- پکانے کے چولھے میں ایک ھی وقت دو چولھے جلنے کی خاصیت ہے۔
- اس چولھے سے نکلنے والے دونھے کو باہر نکالنے کے لئے پائیپ لگا ہوا ہے۔
- لکڑی کا ایندھن چولھے (A) میں رکھا جاتا ہے اور آگ "D" کے بیچ والے پائیپ سے گزرتے "B" چولھے کو گرم کرتی ہے۔
- چولھے "B" میں ایندھن ڈالنے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ چولھے "A" سے گرمائش حاصل کرتا ہے۔ اور دونھا پائیپ کے ذریعے باہر نکل جاتا ہے۔





چولھے کے پہلے برنر کے تفصیلات

سیریل نمبر	لیٹر	تفصیل	سائز (انچ)	موٹائی	انسولیشن
1	A	چولھے کا قطر	16"		
2	B	پیالے کا قطر	8"	16	گلاس وول
3	C	شیٹ کی چوڑائی	2"	18	گلاس وول
4	D	شیٹ کی چوڑائی	2"	24	گلاس وول
5	E	پائپ کی لمبائی	6"	16	گلاس وول
6	F	یا اس کی اندرونی قطر	3" اندرونی	16	
			4" بیرونی	24	
7	G	شیٹ	بیرونی	24	
8	H	شیٹ	بیرونی	24	
9	I	گرٹنگ	جس طرح تصویر ایک میں دکھایا گیا ہے۔	1/4"	
10	J	ھینڈل	جس طرح تصویر ایک میں دکھایا گیا ہے۔	3/8"	



تصویر نمبر 2

چولھے کے پہلے برنر کے تفصیلات

سیریل نمبر	لیٹر	تفصیل	سائز (انچ)	موٹائی
1	A	دروازے کی لمبائی	6”	ڈبل شیٹ کا دروازہ 16 گیج شیٹ اور لاک کے ساتھ ھینڈل
2	B	دروازے کی اونچائی	5”	ایضاً
3	C	پہلے برنر کی اونچائی	9”	ایضاً
4	D	لمبائی	9”	ایضاً
5	E	ھینڈل		3/8”



تصویر نمبر 3

سیریل نمبر	لیٹر	تفصیل	سائز (انچ)	گیج
1	A	پیالے کی اونچائی	6”	16
2	B	پیالے کا تلوا	8”	16
3	C	تلوے کی موٹائی	3”	



تصویر نمبر 4

چولھے کے پہلے برنر کے تفصیلات

سیریل نمبر	لیٹر	تفصیل	سائز (انچ)	گیج
1	A	دوسرے برنر کی قطر	12”	
2	B	ایندھن کے پیالے کی قطر	6”	
3	C	دوسری شیٹ چوڑائی	1.5”	18
4	D	پہلی شیٹ چوڑائی	1.5”	
5	E	چولہے کے منسلک کی لمبائی	4”	
6	F	منسلک پائپ کی قطر	3”	
7	G	چمنی کی لمبائی	6”	موڑا ہوا
8	H	چمنی کی اندرونی/بیرونی قطر	3” اندرونی + 4” بیرونی	
9	I	شیٹ 1	24 گرام بیرونی	24
10	J	شیٹ 2	18 گرام بیرونی	18
11	K	پیالے کی اونچائی	7”	
12	L	اندرونی شیٹ نمبر 3		19
13	M	پیالے کا تلوا		19
14	N	ھینڈل		3/16”
15	O	دوسرے برنر کی اونچائی	8” - 7”	
16	P	غیر ھموار	تصویر نمبر 4 کے مطابق	1/4”



تصویر نمبر 5

سیریل نمبر	لیٹر	تفصیل	سائز (انچ)	گیج
1	A	چمنی کی لمبائی	9	اندرونی+بیرونی 19/26
2	B	چمنی کی قطر	3"/4"	ایضاً
3	C	موڑے ہوئے پائپ کی قطر	3"/4"	ایضاً



تصویر نمبر 6

سیریل نمبر	لیٹر	تفصیل	پائے کی اونچائی	گیج
1	A	پہلے برنر کی اونچائی	1انچ	
2	B	دوسرے برنر کی اونچائی	2انچ	
3	C	تلوے کا گیج		26

تصویر نمبر 7

گلاس وول

Nationwide Promotion of SGP's Energy Efficint Smokeless Portable Metallic Stove Through Hands-on Training of Artisans and Blacksmiths

Research & Development for Human Resources (RDHR)a

Ph: 022-2655884. Cell: 0301-3591147

Website: www.rdhrsindhpk.org E-mail: rdhr.org@hotmail.com

https://www.facebook.com/RDHR-Sindh

East Line Communication | 0333 2742054